موضوع - 27

# بجلی کی بچت Save Electricity

## مقاصد Objectives

بجلی ہماری زندگی میں ایک طاقتور توانائی کے ذرائع(Powerful energy resources) کی حیثیت رکھتی ہے اس لیے بجلی کی بچت کی جانی چاہیے۔

## پس منظر Background

ہم بجلی کو مختلف طریقوں سے پیدا کرتے ہیں۔ پانی کے ذریعہ ہائیڈروالکٹرسٹی (Hydro Electricity) کوئلے سے تھرمل الکٹرسٹی۔ ریڈیو ایکٹی وٹی سے نیوکلیرالکٹرسٹی' ہوا سے ونڈ پاور ٹائیڈ (مدوجزر) سے ٹائیڈل الکٹرسٹی بنتی ہے۔ اگر بجلی نہ ہوتو ہمارے روزمرہ کام ٹھپ ہوجاتے ہیں ہم بہت زیادہ بجلی استعمال کرتے ہیں اوراسطرح الکٹرسٹی محکمہ کو بہت زیادہ بجلی کی رقم ادا کرتے ہیں اگر ہم ہمارے بچوں میں اس تعلق سے ان کا شعور بیدار کریں تو بچے بجلی کی بچت کرنا سیکھ جاتے ہیں۔ جس سے بجلی کے بل بھی کم آتے ہیں۔



## طریقہ کار Methodology


1۔ جماعت کے لیڈر کے ذریعہ طلبہ کے گھروں کی ایک فہرست تیار کیجیے۔

2۔ معلوم کیجیے کہ طلبہ اپنے گھروں میں بجلی کا استعمال کس طرح کررہے ہیں۔

3۔ ماہانہ بجلی کے بل کی تفصیلات کی جانچ کیجیے۔

4۔ معلوم کیجیے کہ کس مہینے میں بل زیادہ آتا ہے۔

5۔ بجلی کی بچت کے مواقع تلاش کیجیے۔





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

6۔ ہم بچوں سے کہیں کہ فضول بلب، پنکھے، ایرکولر، Fridge فریج، پر بجلی استعمال نہ کریں

7۔ بچوں کو باشعور بنانے کے بعد دوبارہ بجلی کی بل کی جانچ کیجیے۔

## استدالی خلاصہ Conclusion

بجلی، گیس، پٹرول توانائی کے بہترین ذرائع ہیں۔ اگر ہم اس طرح بجلی کا بے دریغ استعمال کریں تو 5 صدیوں میں بجلی کے ذرائع ختم ہوجائیں گے۔ اور ہم کو دوسرے نئے ذرائع کی تلاش کرنا پڑے گا۔ اسی مقصد کے تحت ہم شمسی توانائی ٹائی ڈل توانائی، ونڈ پاور جیسے ذرائع کو استعمال کر رہے ہیں اس بات کی ضرورت ہے کہ موجودہ ذرائع کے علاوہ بجلی کے نئے ذرائع تلاش کریں۔ ہم بلا وجہ دفتروں میں پنکھے اور روشنی کا استعمال کرتے ہیں اور دن کے اوقات میں بھی گلیوں کے بلب جلتے رہتے ہیں ہم ماحول سے محبت کرنے والے طلباء T.V، کمپیوٹر، وغیرہ کو غیر ضروری طور پر استعمال نہ کریں۔ کمرے سے باہر جاتے وقت کھلے پنکھے اور بلب کو بند کرکے جانے کی عادت ڈالیں۔

1۔ بجلی کی فضول استعمال کو بتلائیے۔

2۔ ’’کس طرح بجلی بچائی جاسکتی ہے‘‘ منصوبہ بنائیے

## مزید کاروائی Follow-up

1۔ کلاس میں مباحثہ کیجیے آپ کے ہم جماعت اپنے گھروں میں توانائی کس طرح بچاتے ہیں۔ وہ اپنی برقی بل (bill) کو کس طرح کم کرتے ہیں۔

2۔ BECON سرگرمیوں میں حصہ لیجیے اپنے دوستوں کے بجلی کے بلوں (Bills) کے معلومات جمع کیجیے۔ ان کے برقی چار جس میں کمی کو نوٹ کیجیے۔

NEDCAP نے اسکولی بچوں کے لیے بیداری پروگرام منعقد کیا جو ’’چلڈرن انرجی کنزرویشن پراجکٹ (BECON)‘‘ کہلاتا ہے۔

آیئے ہم ان کے بارے میں معلوم کریں۔

- ☆ گھریلو مقاصد میں ایندھن کی بچت اور صرفے کے بارے میں بیداری پیدا کرنا
- ☆ زراعت میں ایندھن کے صرفے اور بچت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا
- ☆ کمیونٹی کے ذریعہ ایندھن کے صرفے اور بچت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا
- ☆ قدرتی ایندھن کی پیداوار اور استعمال کے دوران بہتے دھاروں کے متعلق شعور پیدا کرنا۔
- ☆ غیر روایتی توانائی کے ذرائع کی قابل برقرار ترقی پر بیداری
- ☆ توانائی کی بچت، گنجائش اور آڈٹ کرنے پر بیداری
- ☆ توانائی کی بچت پر ہفتہ وار تقاریب منعقد کرنا

## مستقبل کے ایندھن

جدید سماج میں ایندھن یا توانائی کی ضرورت دن بدن انتہائی شدید ہوتی جارہی ہے۔BECON کے بموجب موجودہ وسائل 100 سال کے دوران بالکل ختم ہوجائیں گے۔اس لیے یہی وہ وقت ہے جب کہ ہمیں ایندھن کے استعمال کے بارے میں سوچنا پڑے گا۔اس لیے ہمیں جیوتھرمل توانائی، شمسی توانائی، ہوا کی طاقت، ہائیڈرل طاقت، کو پیدا کرنے اور استعمال کرنے کے لیے تیار ہونا پڑے گا۔ یہ سب توانائی دینے والے وسائل یا ذرائع ہیں لیکن یہ ہمارے ماحول کو آلودہ نہیں کرتے۔ یہ سستے اور قابل تجدید بھی ہیں بائیوگیس پلانٹس بھی فطرتاً Eco friendly ہیں۔اس لیے ہمیں ان سب ذرائع کو فروغ دینا چاہیے۔

### ایندھن کے بارے میں چند حقائق:

ہمارے ملک میں پیدا کیا گیا 50% سے زیادہ کمرشیل ایندھن صرف صنعتی سیکٹر ہی میں استعمال ہوتا ہے بعض مرتبہ یہ 65% بھی زیادہ ہوتا ہے۔جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

☆ ایلومینیم: پیداوار کی لاگت کا 40% حصہ ایندھن پر خرچ ہوتا ہے ایلومینیم کی پیداوار میں کوئلہ اور تیل بھی بطور ایندھن استعمال ہوتے ہیں۔

☆ کپڑا سازی: پیداوار کی لاگت کا 12-15% کوئلے، بجلی کی بھٹی کے تیلوں وغیرہ پر صرف ہوتا ہے یہ توانائی کا تقریباً 23% بچاتے ہیں۔

☆ کاغذ کے کارخانے: پیداواری قیمت (ast) کا 30% حصہ ایندھن پر صرف ہوتا ہے۔کیمیکل ریکوری سسٹم، کوجنریشن سسٹم کے لیے ایندھن کی بہت گنجائش ہوتی ہے بہ نسبت چھوٹی صنعتوں یا کارخانوں کے۔

### درج ذیل کے معلومات جمع کیجیے۔

☆ B.E.E (Buero of Energy Efficiency)۔طاقت بچاؤ گائڈ، سٹار گریڈ آلات

☆ E.C, B.C : Energy Conservation Build codos

☆ درج ویب سائٹس سے معلومات جمع کیجیے

www.mnre.gov.in

www.hareda.gov.in

www.energyconservationworld.com



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔